غیاث الرحمٰن انجم

زبان میری ہے بات ان کی

⊛ حکومت اپنی کامیابی کے لئے حجاموں کو اعتماد میں لے۔ (حجاموں کا آل پاکستان کنونشن)
حکومت نے اس کام کے لئے نوائے وقت کو اعتماد میں لیا ہوا ہے۔

⊛ مسلم لیگ سے علیحدگی کا کبھی سوچا بھی نہیں۔ (گورنر پنجاب کھوسہ)
گورنری سے پہلے یا گورنری کے بعد!

⊛ حکومت کی تبدیلی پیدل کا فاصلہ ہے۔ مارچ کی ضرورت نہیں۔ (پیر پگاڑا)
بالکل درست! آج کل تو آپ خود "پیدل سیاست" کر رہے ہیں۔

⊛ نواز شریف اپنا بویا کاٹ رہے ہیں۔ (بے نظیر)
آپ امریکہ میں بیٹھی چھالیہ کتر رہی ہیں کیا؟

⊛ اپوزیشن کے جلسے اور ہڑتالیں بے وقت کی راگنی ہے۔ (صاحبزادہ فضل کریم)
یہ تو ختم شریف اور آیت کریمہ پڑھنے کا وقت ہے

⊛ وزیراعظم نے کشکول توڑ کر ڈرم اٹھا لیا ہے۔ (طاہر القادری)
ڈرم میں مال زیادہ آتا ہے۔

⊛ چودھری شجاعت اپنے چچا کو گورنر بنانا چاہتے تھے (ایک خبر)

چاچا روئے بھتیجے نوں، بھتیجا روٹے چاچے نوں
آپے آپے ونڈی جاؤ، آپے آپے کھائی جاؤ
وچوں وچوں کھائی جاؤ، اتوں رولا پائی جاؤ

⊛ حکومت عوام کو سستا اور فوری انصاف فراہم نہیں کر سکی۔ (اعجاز الحق)
اتنی بھی جلدی کیا ہے۔ پاکستان ابھی باون برس ہی کا تو ہوا ہے۔

⊛ بے نظیر کو وطن واپس لانے کے لیے راہ ہموار ہو چکی ہے۔ (ناہید خان)
آجا تینوں اکھیاں اڈیکدیاں.........

⊛ گدھے کا ذکر قرآن میں آسکتا ہے تو ایوان میں کیوں نہیں کر سکتا؟
اراکین اسمبلی کی موجودگی میں اس تکلف کی کیا ضرورت ہے۔ (ایک رکن اسمبلی)

⊛ میں نے اپنے آپ کو نواز شریف کے کتوں کا غلام نہیں کہا۔ (رکن پنجاب اسمبلی)
غلاموں کا کتا کہا ہو گا!

⊛ میاں اظہر اپنے حلقے میں آئے تو مسلم لیگی ڈنڈوں اور انڈوں سے ان کا استقبال کریں گے۔ (میاں مرغوب احمد)
ڈنڈوں سے ہی کام چلا لیں۔ انڈے پہلے ہی مہنگے ہیں۔